I-SAPS
Institute of
Social and Policy Sciences

الف اعلان
Alif Ailaan

لاہور

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

لاہور

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

لاہور

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

طابع وناشر:

انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز

مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد

پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان

فون: 0092-51-111-739739، فیکس: 0092-51-2925336

ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: الف اعلان

ISBN: 978-969-9393-22-8

© 2013 I-SAPS, Islamabad.

عوامی تعلیمی ایجنڈا میں دیئے گئے اعداد وشمار ومعلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔

اس ایجنڈا کے مندرجات سے الف اعلان کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

پاکستان میں تعلیمی منصوبہ بندی کا جھکاؤ عمومی طور پر مرکزیت کی طرف مائل رہا ہے۔ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے نتیجے میں شعبہء تعلیم میں پالیسی معاملات اور قانون سازی کے اختیارات صوبوں کو منتقل کر دیئے گئے ہیں۔ تعلیمی صورتحال میں بہتری اس امر کی متقاضی ہے کہ شعبہء تعلیم سے متعلق مالی اور انتظامی اختیارات ضلع کی سطح تک منتقل کیے جائیں۔ مزید برآں ضلع کی سطح پر فیصلہ سازی میں شہریوں کی شمولیت ایک اہم ضرورت ہے اور اس کو یقینی بنانے سے اصلاحاتی عمل کو مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

محکمہ تعلیم میں منصوبہ بندی اور نفاذ کے موجودہ طریقہء کار میں پالیسی سازی کا عمل وفاقی / صوبائی سطح پر ہوتا ہے اور عمل درآمد ضلعی اور تحصیل کی سطح پر ہوتا ہے۔ موجودہ طریقہء کار میں پالیسی سازی، منصوبہ بندی اور عمل درآمد کی سطح پر شہریوں کی رائے اور شمولیت کو بالکل اہمیت نہیں دی جاتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیمی اصلاحاتی عمل میں عوام کی شمولیت کو وفاق سے لے کر یونین کونسل کی سطح تک یقینی بنایا جائے اور ان کی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیمی منصوبہ سازی اور نفاذ کی حکمت عملی مرتب کی جائے۔ اس میں شہریوں کی شمولیت کی اہمیت دو سطح پر ہے، اول یہ کہ پالیسی سازی ضلع کی ضروریات کے عین مطابق اور شہریوں کیلئے بھی قابل قبول ہوگی اور دوم، یہ کہ شہریوں کی اصلاحات کے عمل میں شراکت اور نگرانی سے اس تمام عمل میں مثبت پیش رفت یقینی ہو جائے گی۔

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

عوامی تعلیمی ایجنڈا لاہور میں تعلیمی معیار اور رسائی میں بتدریج بہتری لانے کے لئے پانچ سالہ منصوبہ تجویز کرتا ہے۔ اس ایجنڈا میں ضلع کی تعلیمی صورتحال کا اعداد و شمار کی بنیاد پر تجزیہ کیا گیا ہے، اور والدین، ماہرین تعلیم، محکمہ تعلیم کی آراء اور رہنمائی میں اس ایجنڈا کی تشکیل کی گئی ہے۔ سکولوں میں شرح داخلہ میں اضافہ، شرح اخراج کو کم کرنا، معیار تعلیم میں بہتری لانا اور بنیادی سہولتوں میں مرحلہ وار بہتری اس ایجنڈا میں شامل چند اہم امور ہیں۔ ان تمام امور کی مرحلہ وار بہتری کے لیے درکار تعلیمی بجٹ میں بتدریج اضافہ بھی تجویز کیا گیا ہے۔ اس منصوبہ پر عملدرآمد کرتے ہوئے ضلع کی تعلیمی صورتحال میں خاطر خواہ بہتری لائی جا سکتی ہے۔

موجودہ تعلیمی ایجنڈا میں ایک ایسا ماڈل اپنایا گیا ہے جس میں تعلیمی پالیسی سازی، منصوبہ بندی اور عملدرآمد سے متعلق معاملات میں شہریوں کی رائے اور شرکت کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ تعلیمی منصوبہ بندی کے اس طریقہ کار سے یہ بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ شہریوں کی رائے میں کون سے مسائل زیادہ اہم ہیں اور ان کو کس طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی (Minimum Standards Planning)

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی ایک ایسا طریقہء کار ہے جس کے ذریعے مستند اعداد و شمار کو استعمال کرتے ہوئے حقیقت پسندانہ اہداف کا تعین موزوں دورانیہ کے لیے کیا جاتا ہے۔ تعلیمی منصوبہ بندی کا یہ عمل درج ذیل اہم اصولوں پر استوار ہے: 1- تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانا، 2- صنفی تفاوت کا خاتمہ کرنا، 3- معیار تعلیم میں بہتری لانا، 4- اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور کارکردگی میں بہتری، 5- ضلعی تعلیمی شعبہ کے انتظامی افسران کے کام کے معیار اور کارکردگی میں اضافہ کرنا۔ ان اصولوں کی بنیاد پر تعلیمی اعداد و شمار اور مالی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایسا ایجنڈا ترتیب دیا جا سکتا ہے جو موجودہ / دستیاب وسائل کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیمی شعبہ کو درپیش مسائل کا حل تجویز کرتا ہو۔ تعلیمی اصلاحات کا یہ منصوبہ درج بالا راہنما اصولوں کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے۔

اس کو تیار کرتے ہوئے حکومتی تعلیمی پالیسی کو اساس بنایا گیا ہے اور محکمہ تعلیم کی ضروریات کا تعین مستند اعداد و شمار کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ اس منصوبہ بندی میں تمام وسائل کا تعین حکومت کے ایجوکیشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (EMIS) کے اعداد و شمار کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ یہ طریقہ کار حکومتی منصوبہ بندی کے عمل سے بھی ہم آہنگ ہے جو وسائل کی شفاف تخصیص اور ان کے موزوں استعمال پر مبنی ہے۔ اس طریقہء کار کو اپناتے ہوئے تکنیکی طور پر موزوں اور سیاسی لحاظ سے قابل قبول تعلیمی اصلاحاتی ایجنڈا وضع کیا گیا ہے۔

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی:

مقاصد:

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی کا مقصد اعداد و شمار، پالیسی اور بجٹ کو اس طرح سے ہم آہنگ کرنا ہے کہ پالیسی سازی کے عمل اور اطلاق میں ترجیحات کے لیے وسائل کی تقسیم اس طرح سے ہو کہ جس سے تعلیمی ضروریات اور مسائل کو حل کیا جا سکے۔

طریقہء کار۔ Methodology:

اس منصوبہ بندی کا محور طالب علم ہے۔ تمام اہداف اور معیارات کے تعین کا مقصد بچوں کی معیاری تعلیم تک رسائی ہے۔ اس طریقہء کار کو اپناتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کی گئی ہے کہ اس میں نہ صرف Education for All (EFA) کے مقاصد، بلکہ حکومت کے مقرر کردہ تعلیم کے معیارات کو بھی ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔

اس ایجنڈا کی تشکیل کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے مقرر کردہ کم از کم معیارات کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔لاہور کے عوامی تعلیمی ایجنڈا میں اہداف کے تعین کیلئے حکومت کی طرف سے مقرر کردہ طلباء واساتذہ تناسب اور طلباء وکلاس روم کا تناسب بطور بنیادی معیار لیا گیا ہے۔منصوبہ سازی کا یہ عمل ضلعی تعلیمی افسران کیلئے ایک مثال کے طور پر معاون ہوسکتا ہے،جس کو استعمال کرتے ہوئے دستیاب وسائل میں ضروریات اور مطالبات میں توازن قائم کیا جانا ممکن ہے۔منصوبہ سازی کے اس عمل میں درج ذیل مراحل شامل ہیں:

1-صورت حال کا تجزیہ:

منصوبہ سازی کے پہلے مرحلے میں اس بات کا تجزیہ کیا گیا کہ تعلیمی شعبہ کو درپیش مسائل کیا ہیں اور ضلع کے سکولوں کی ضروریات کیا ہیں۔ان تمام ضروریات کا تخمینہ حکومت کے فراہم کردہ اعداد وشمار کی بنیاد پر کیا گیا۔

2-مالی وسائل کا تخمینہ:

اگلے مرحلے میں یہ جاننا ضروری تھا کہ ضلع کی سطح پر تعلیم کے لئے دستیاب مالی وسائل کتنے ہیں تاکہ منصوبہ بندی اس طرح کی جائے کہ دستیاب مالی وسائل سے ہم آہنگ ہو۔

3۔ترجیحات کا تعین ۔متعلقین کے درمیان مشاورت اور ہم آہنگی:

یہ سب سے اہم مرحلہ ہے جس میں اہداف مقرر کرنا وسائل کی تقسیم اور ترجیحات کا تعین شامل ہیں۔محکمہ تعلیم میں مسائل کی ترجیحات اور ان کے مطابق وسائل کی تقسیم ہمیشہ ہی ایک بڑا سوال رہا ہے۔پاکستان میں عمومی طور پر دیکھا گیا ہے کہ تعلیمی شعبہ کے لئے مختص سہولیات اور وسائل کا استعمال عوامی ضروریات کی بجائے سیاسی ترجیحات کے پیش نظر کیا جاتا ہے۔اس تعلیمی ایجنڈا میں ترجیحات کا تعین ضلع میں منعقد کردہ مشاورتی اجلاسوں اور قومی تعلیمی پالیسی کے مقاصد کو مدنظر رکھ کر کیا گیا ہے۔

4-اہداف کا تعین:

ترجیحات طے کرنے کے بعد والدین' اساتذہ' سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور محکمہ تعلیم کے افسران وغیرہ کے ساتھ ایک مشاورتی عمل کے ذریعے تعلیمی ایجنڈا کے اہداف کا تعین کیا گیا۔

5-مالی وسائل کی تخصیص اور استعمال:

اہداف اور ترجیحات کے تعین کے بعد اہم مرحلہ وسائل کو مختص کرنا اور ان کا شفاف استعمال ہے۔اس ایجنڈا میں وسائل ان موضوعات کے لیے مختص کرنے کا تجویز کیا گیا ہے جو تعلیمی پالیسی کے مطابق ترجیحات میں شامل ہیں۔مثلاً بیت الخلا کی تعمیر کے حوالے سے سب سے پہلے لڑکیوں کے سکولوں کے لئے وسائل مختص کیے جانے چاہئیں کیونکہ قومی تعلیمی پالیسی 2009ء میں لڑکیوں کی تعلیم حکومتی ترجیح قرار پائی ہے۔

6-پالیسی میں تبدیلی کی بنیاد پر وسائل کی دوبارہ تخصیص:

ترجیحات میں تبدیلی یا کسی ہنگامی صورتحال،جیسا کہ قدرتی آفات کی صورت میں وسائل کی تخصیص پر نظر ثانی اور مالی وسائل دوبارہ سے مختص کیے جاسکتے ہیں۔

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

ضلع لاہور کے شہری اس بات پر متفق ہیں کہ تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے ان کی رائے کا احترام کیا جائے اور اس عمل میں ان کی شرکت کو یقینی بنایا جائے تا کہ ایک ایسی ٹھوس اور قابل عمل حکمتِ عملی تیار کی جا سکے جس سے لاہور کو درپیش تعلیمی مسائل کا حل ممکن ہو سکے۔ انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز نے بھی ضلع کی تعلیمی صورتحال کے حوالے سے ایجنڈے کی تیاری میں عام شہریوں کی شرکت کو یقینی بنایا ہے، جس کے لیے I-SAPS نے مختلف اوقات میں میٹنگز اور مشاورتی اجلاس منعقد کیے، جس میں شہریوں کی رائے لی گئی اور مقامی محکمہ تعلیم کے افسران سے راہنمائی بھی حاصل کی گئی۔ یوں عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات کی تشکیل تمام متعلقین کی آراء کی روشنی میں کی گئی ہے۔ اس عمل کے نتیجے میں تشکیل دیئے جانے والے ایجنڈا کے اساسی نکات درج ذیل ہیں:

1- ضلع میں تعلیمی صورتحال میں بہتری کے لئے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا۔

2- ضلع میں تعلیم تک رسائی کو آسان اور تعلیمی معیار کو بتدریج بہتر بنانا کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔

3- ضلع میں تعلیمی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے بنیادی سہولتوں کی فراہمی، معیار میں بہتری، کے لئے موزوں وسائل کی فراہمی کو لازم بنایا جائے۔

شہریوں اور رائے دہندگان نے جو ایجنڈا تشکیل دیا ہے اس کا مقصد عوامی نمائندوں اور اربابِ اختیار کو شواہد کی بنیاد پر مبنی منصوبہ بندی سے آگاہ کرنا ہے تا کہ وہ تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے مناسب اقدامات کر سکیں۔

ضلع لاہور کی تعلیمی صورتحال:

شہریوں کا مطالبہ: ضلع میں بہتر تعلیم کیلئے شرح داخلہ کو بہتر بنایا جائے۔

ضلع میں سکول جانے والے بچوں کی صورتحال کچھ اس طرح ہے:

ضلع میں داخلہ کی صورتحال	
ضلع میں 5-16 سال کے کُل بچے:	2,591,921
5-16 سال: سکول جانے والے بچے	1,634,239
سکول سے باہر بچے	957,682

ان بچوں کوسکول میں داخل کرانے کے لیے شہریوں نے 2013ء سے 2018ء تک کی منصوبہ بندی کی ہے اور سیاسی عمائدین وارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بچوں کے سکول میں داخلے کو یقینی بنانے کیلئے اس منصوبہ پر عمل درآمد کریں۔ درج ذیل گراف میں مرحلہ وار بچوں کے داخلے کا پلان دیا گیا ہے، جو بیان کرتا ہے کہ اگلے پانچ سال میں سکولوں سے باہر تمام بچوں کو سکولوں میں بتدریج داخل کرنے کے لئے ہر سال کم از کم کتنے بچے سکول میں داخل کرانا ہوں گے۔ اس مرحلہ وار منصوبہ پر عمل کرتے ہوئے لاہور میں سکولوں سے باہر تقریباً تمام بچوں کو 2018ء تک تعلیم تک رسائی دینا ممکن ہوگا۔

گورنمنٹ سکولوں کی تعداد:

ضلع میں گورنمنٹ سکولوں کی تعداد 1,216 ہے جن میں سے 643 لڑکوں کے سکول ہیں جبکہ لڑکیوں کے سکولوں کی تعداد 573 ہے۔

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے گورنمنٹ سکولوں کی تعداد بڑھائی جائے

5-16 سال کے تمام بچوں کو سکول میں داخل کرانے کیلئے ضروری ہے کہ گورنمنٹ سکولوں کی تعداد بڑھائی جائے کیونکہ موجودہ سکولوں کی تعداد نئے داخل ہونے والے بچوں کے لیے ناکافی ہے لاہور کے شہریوں کو حکومت کو درپیش مالی دشواریوں کا ادراک ہے لیکن اگلے پانچ سالوں میں مرحلہ وار نئے سکول بنا کر اس صورتحال سے نبرد آزما ہوا جاسکتا ہے۔

ضلع لاہور کے شہری چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ سکولوں کی تعداد 1,216 سے بڑھا کر 1,254 کی جائے تاکہ سکول نہ جاسکنے والے بچوں کو تعلیم تک رسائی دی جاسکے۔

اگلے پانچ سالوں میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکول مرحلہ وار بڑھانے کے لیے درج ذیل گراف میں صوبائی تعلیمی بجٹ کو مدِنظر رکھتے ہوئے سالانہ اہداف دیئے گئے ہیں۔

ضلع لاہور میں تعلیم تک رسائی کا مسئلہ حل کرنے کے لیے سکولوں کی تعداد میں یہ مرحلہ وار اضافہ سیاسی عمائدین اور ارباب اختیار کی توجہ اور عملی اقدامات کا متقاضی ہے۔

اساتذہ کی تعداد:

شہریوں کا مطالبہ: اساتذہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

ضلع میں اساتذہ کی تعداد صرف 13,547 ہے۔ اعداد و شمار سے پتا چلتا ہے کہ 67 فیصد اساتذہ سیکنڈری سکولوں میں جبکہ بالترتیب 15 فیصد اور 18 فیصد اساتذہ پرائمری اور مڈل سکولوں میں تعینات ہیں۔ 100 فیصد داخلہ کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ سکولوں کی تعداد بڑھانے کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی تعداد بھی بڑھائی جائے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ 2017-18ء تک یہ تعداد 20,298 ہونی چاہیے اور اگلے پانچ سالوں میں یہ تعداد مرحلہ وار بڑھائی جائے جو کہ حکومت اور فیصلہ سازوں کے مثبت اقدامات کی صورت میں ممکن ہے۔

نوٹ: ضمیمہ نمبر 1 میں ایسے تمام سکولوں کے نام دیئے گئے ہیں جہاں مرحلہ وار مزید اساتذہ مہیا کیے جانے کی ضرورت ہے۔

سکولوں میں عدم دستیاب سہولتیں:

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے ضلع لاہور کے سکولوں کی حالت توجہ کی متقاضی ہے۔ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ 1.5 فیصد سکول چار دیواری کے بغیر ہیں، 0.4 فیصد سکولوں میں لیٹرین نہیں ہے، 2.2 فیصد میں بجلی کی سہولت نہیں ہے جبکہ 0.3 فیصد ایسے سکول ہیں جہاں پینے کے پانی کی سہولت

نوٹ: ضمیمہ نمبر 2 میں ایسے تمام سکولوں کے نام دیئے گئے ہیں جہاں مرحلہ وار سہولتیں مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔

موجود نہیں ہے۔سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی اوران کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے شہریوں کے درمیان اتفاق رائے پایا گیا ہے۔اس اتفاق رائے کے نتیجے میں شہریوں نے سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے درج ذیل مرحلہ وار ترجیحات مرتب کی ہیں:۔

1- شہریوں کے مطابق غیر محفوظ سکول عمارتوں کی مرمت اور مکمل بحالی پہلی ترجیح ہونی چاہیے۔

2- پینے کے صاف پانی کی فراہمی سکول جانے والے بچوں کی بنیادی ضرورت اوراس کی فراہمی اہم ترجیح ہے۔

3- چار دیواری کی فراہمی، شہریوں کا ایک اوراہم مطالبہ ہے،اور جس کی فراہمی کو جلد یقینی بنانا ہوگا۔

شہریوں نے سہولتوں کی فراہمی کے لیے مرحلہ وار لڑکیوں اور لڑکوں کے سکولوں کے حوالے سے منصوبہ بندی کی ہے جو درج ذیل ہے:

شہری یہ سمجھتے ہیں کہ سب سے پہلے ایسے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا جہاں طلباء کا اندراج دیگر سکولوں کی نسبت زیادہ ہے۔ایسے سکولوں میں ترجیح درج ذیل بنیاد پر ہونی چاہیئے:

1- لڑکیوں کے سکول۔

2- ایسے سکول جن میں مخلوط تعلیم دی جاتی ہو لیکن ان میں بچیوں کی تعداد زیادہ ہو۔

3- لڑکوں کے ایسے سکول جہاں شرح داخلہ زیادہ ہو۔

سکولوں میں طلباء اور اساتذہ کا تناسب:

شہریوں کا مطالبہ: تعلیمی معیار میں بہتری کیلئے طلباء اور اساتذہ کے تناسب کو متوازن کیا جائے۔

طلباء اور اساتذہ کا موزوں[1] تناسب معیاری تعلیم کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم عنصر ہے،لیکن ضلع لاہور کے بہت سے تعلیمی اداروں میں طلباء اور اساتذہ کا تناسب انتہائی غیر متوازن ہے۔ضلع میں ایسے سکولوں کی خاصی تعداد ہے جہاں یہ تناسب 14.1 (ہر 14 طالب علموں کے لئے ایک استاد) یا اس سے بھی کم ہے جیسا کہ درج ذیل گراف میں ظاہر کیا گیا ہے۔

جبکہ ایسے بھی سکول ہیں جہاں 100 اور اس سے بھی زائد طلباء کے لئے فقط ایک استاد ہے،آگے دیئے گئے گراف میں چند ایسے سکول دیئے گئے ہیں جہاں طلباء اساتذہ تناسب 165:1 یا اس سے بھی زیادہ ہے۔

[1] گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق طلباء اور اساتذہ کا موزوں تناسب 40:1 ہے۔

سکولوں میں طلباءواساتذہ کا یہ تناسب دونوں صورتوں میں غیر متوازن ہے۔

شہری مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ تناسب صوبائی حکومت کے مقرر کردہ معیار، جو کہ 40 طلباء کے لئے 1 استاد کا تناسب معیاری تصور کرتا ہے، کے مطابق ہونا چاہیئے۔ اس تناسب کو مرحلہ وار توازن پر لانے کے لیے اس ایجنڈا میں توجہ دی گئی ہے۔ اس منصوبہ بندی کے اپنائے جانے کی صورت میں 2018ء تک تمام پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں میں یہ تناسب مرحلہ وار 40:1 تک ہوسکتا ہے۔

سکولوں میں اضافی کمرہ جماعت کی ضرورت:

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے سکولوں میں درکار کمرہ جماعت مہیا کیے جائیں

ضلع میں بہت سے سکول ایسے ہیں جہاں کمرہ جماعت کی ضرورت ہے، مگر وسائل کی عدم دستیابی کے باعث اور موثر منصوبہ بندی نہ ہوسکنے کے باعث ان کی تعمیر نہیں ہو پارہی۔ اعداد و شمار کا تجزیہ یہ بتاتا ہے کہ اگلے پانچ سالوں میں موجودہ سکولوں میں 3,722 نئے کمرہ جماعت کی ضرورت ہوگی۔ یہ کمرہ جماعت پانچ سالوں میں مرحلہ وار تعمیر کیے جاسکتے ہیں۔ نئے کمرہ ہائے جماعت کی فراہمی کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے ایسے سکولوں کو ترجیح دی گئی ہے جہاں فی جماعت طلباء کی تعداد کا تناسب سب سے زیادہ ہے۔

نوٹ: ضمیمہ نمبر 2 میں ایسے تمام سکولوں کے نام دیئے گئے ہیں جہاں مرحلہ وار اضافی کمرہ جماعت تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔

ضلع لاہور کا تعلیمی بجٹ:

2012-13ء میں ضلع کا تعلیمی بجٹ 8 بلین روپے رکھا گیا، اور اس میں سے محض 4 فیصد ترقیاتی کاموں کیلئے مختص کیا گیا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ترقیاتی کام جیسا کہ نئے سکولوں کی تعمیر، سکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر، اپ گریڈیشن، بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور سکول عمارت کی مرمت وغیرہ کیلئے موزوں وسائل مختص نہیں کئے گئے۔ شہریوں کے مطابق شعبہء تعلیم کی ترقیاتی ضروریات کے حوالے سے مختص کردہ وسائل خاصے کم ہیں اور ان سے فوری طور پر درکار بنیادی سہولتیں اور دوسری اہم ضروریات پوری نہیں کی جاسکتی ہیں۔ جاریہ بجٹ میں نان سیلری کے لیے مختص کردہ وسائل بھی موزوں نہیں۔ اس میں سے بھی زیادہ تر سہولیات جیسا کہ بجلی وغیرہ کے بلوں کی ادائیگی پر خرچ ہو جاتا ہے جبکہ کمرہ جماعت میں استعمال ہونے والی تدریسی معاونت کے لئے درکار اخراجات، ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے کوئی رقم دستیاب نہیں۔

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے ضلع کے تعلیمی بجٹ میں اضافہ کیا جائے

عوامی تعلیمی ایجنڈا میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس رقم میں مرحلہ وار اضافہ کیا جائے تا کہ درکار تعلیمی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔

شہریوں کی مجوزہ منصوبہ بندی کے مطابق ضلع کو تعلیم کی مد میں 57.7 بلین روپے چاہئیں جس میں سے 95 فیصد تنخواہوں (Salary)، غیر تنخواہ اخراجات (Non Salary) اور 5 فیصد ترقیاتی اخراجات کی مد میں درکار ہونگے۔ لاہور کے شہری یہ ادراک رکھتے ہیں کہ فوری طور پر اس رقم کا بندوبست کرنا صوبائی حکومت کے لئے ممکن نہ ہو۔ اس لیے اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ذیل میں پانچ سالوں میں مرحلہ وار اضافہ تجویز کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ لاہور کے شہریوں کا مطالبہ اور لاہور کے تمام بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے ضروری ہے۔ تعلیمی اصلاحات کے لئے درکار ان وسائل کی فراہمی کے لئے لازم ہے کہ تمام سیاسی قائدین اور اربابِ اختیار کی عملی معاونت لازم ہے۔

ضمیمہ جات

ضمیمہ نمبر 1 : اساتذہ کی ضرورت والے سکولوں کے نام

اضافی اساتذہ کی ضرورت 14-2013

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	سکول کا درجہ	موجودہ اساتذہ	طلباء اساتذہ تناسب	ضرورت اضافی اساتذہ
1	35210240	گورنمنٹ پرائمری سکول اسل گرکی	پرائمری	1	185	2
2	35210486	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گاگا	پرائمری	1	167	2
3	35220569	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل بھومہ بند روڈ	پرائمری	4	161	7
4	35220649	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی کوچہ ہنومان گٹی بازار	پرائمری	2	154	3
5	35210721	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بولیر	پرائمری	1	149	2
6	35210398	گورنمنٹ پرائمری سکول بنگالی	پرائمری	1	149	2
7	35220269	گورنمنٹ پرائمری سکول جدہ	پرائمری	5	139	7
8	35210487	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اوپل برکی روڈ	پرائمری	1	139	1
9	35210702	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول لکھوکے	پرائمری	1	135	1
10	35220648	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی بادامی باغ نمبر 2	پرائمری	2	134	3
11	35220280	گورنمنٹ پرائمری سکول خورشید الاسلام	پرائمری	4	126	5
12	35220462	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹ شادی رائے ونڈ	پرائمری	2	124	2
13	35210506	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول برہمن آباد	پرائمری	1	122	1
14	35210536	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مالکی	پرائمری	1	122	1
15	35220523	گورنمنٹ پرائمری سکول خوشبو پیر شاہ باز روڈ	پرائمری	2	118	2
16	35220225	گورنمنٹ پرائمری سکول چھاتمبولی	پرائمری	1	117	1
17	35220426	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول جوگین لودھرے	پرائمری	1	116	1
18	35220266	گورنمنٹ پرائمری سکول دیر شاہدرہ	پرائمری	5	113	5
19	35210733	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گاناکر	پرائمری	2	112	2
20	35210723	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول پنڈوکی	پرائمری	2	109	2
21	35210539	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سنگے	پرائمری	1	108	1
22	35220293	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بھلی گیل	پرائمری	3	108	2
23	35220241	گورنمنٹ پرائمری سکول رنگیل پور پی او سندر	پرائمری	2	108	2
24	35220439	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مال لاہور	پرائمری	2	105	2
25	35210218	گورنمنٹ پرائمری سکول چنکوندی	پرائمری	1	105	1
26	35220290	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شیخ داکوٹ	پرائمری	2	105	2
27	35220524	گورنمنٹ مسجد مکتب سکول بلال الرحمان	مسجد	2	105	2
28	35220592	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی واچھووال	پرائمری	2	103	1
29	35220588	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی رسول پارک شاہدرہ	پرائمری	7	102	5
30	35210805	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی جونئر ماڈل داروغہ والا	پرائمری	2	102	1
31	35220305	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کنگرہ	پرائمری	1	101	1
32	35210291	گورنمنٹ پرائمری سکول چھپا	پرائمری	3	100	2
33	35210490	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول قلعہ جیون سنگھ	پرائمری	1	100	1
34	35220591	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ایم سی چاہ میران	مڈل	3	298	23

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	سکول کا درجہ	موجودہ اساتذہ	طلباء اساتذہ تناسب	ضرورت اضافی اساتذہ
35	35210795	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل سنگھ پورہ	مڈل	2	230	11
36	35220107	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول باتھ ملتان روڈ	مڈل	2	223	11
37	35220545	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول ایم سی جونیئر ماڈل سوتر منڈی	مڈل	1	160	4
38	35220565	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل کھوکر پنڈ بادامی باغ	مڈل	3	151	10
39	35210512	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کھورین	مڈل	2	138	6
40	35220603	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ایم سی بادامی باغ نمبر 1	مڈل	6	133	17
41	35220551	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل صدیق پورہ واپڈا کالونی	مڈل	5	128	13
42	35220584	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ایم ایس فرخ آباد شاہدرہ	مڈل	9	127	24
43	35210992	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول دھیر کے	مڈل	1	126	3
44	35220587	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ایم ایس برکت ٹاؤن شاہدرہ	مڈل	6	115	14
45	35210906	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول ایم ایس جونیئر ماڈل باغ گل بیگم	مڈل	3	108	6
46	35220630	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل کچا محمدی	مڈل	6	103	12
47	35220583	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی ماڈل تارگرہ شاہدرہ	مڈل	9	100	17

اضافی اساتذہ کی ضرورت 2014-15

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	سکول کا درجہ	موجودہ اساتذہ	طلباء اساتذہ تناسب	ضرورت اضافی اساتذہ
1	35220296	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گھینگ شریف	پرائمری	1	99	1
2	35210290	گورنمنٹ پرائمری سکول ایکوگلِ بیتھار	پرائمری	1	99	1
3	35210538	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تھاتر	پرائمری	1	98	1
4	35220566	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ایم سی جونیئر ماڈل مالی پور	پرائمری	5	97	4
5	35220586	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی ویوینگ فیکٹری شاہدرہ	پرائمری	3	94	2
6	35220448	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وارا کھمبن والا	پرائمری	1	92	1
7	35210612	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول موڈرن بھوگی وال باغبان پورہ	پرائمری	3	90	2
8	35210666	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بھانی دھیلوان	پرائمری	1	88	1
9	35220563	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل داتا نگر بادامی باغ	پرائمری	5	87	3
10	35220425	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول حویلی جنجاتے (پیراں دا کوٹ)	پرائمری	3	87	2
11	35210673	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اعوان دھی والا	پرائمری	2	87	1
12	35210659	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چھپا	پرائمری	2	85	1
13	35210736	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کونلکی	پرائمری	1	85	1
14	35220564	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل بریڈلاء ہال رتیگن روڈ	پرائمری	2	85	1
15	35210235	گورنمنٹ پرائمری سکول منہالہ خرد	پرائمری	6	84	3
16	35210665	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول انوبھٹی	پرائمری	1	84	1
17	35210537	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مالین	پرائمری	2	84	1
18	35220593	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی لائن سبحان خان	پرائمری	3	83	1
19	35210524	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دھوری	پرائمری	2	83	1
20	35210682	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خواجہ فائق	پرائمری	1	83	0
21	35210865	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی اجودیا پور	پرائمری	7	83	3
22	35220282	گورنمنٹ پرائمری سکول نوید جونیئر ماڈل عامر روڈ	پرائمری	5	82	2
23	35220429	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول باتھ کالان ملتان روڈ	پرائمری	3	82	1
24	35220212	گورنمنٹ پرائمری سکول ٹبہ پجیاں	پرائمری	3	82	1
25	35210531	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول للوہ	پرائمری	1	81	0
26	35220431	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چھاتا مولی	پرائمری	2	81	1
27	35220558	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ایم سی شاد باغ	پرائمری	2	81	1
28	35210725	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول حویلی ترکانا والی	پرائمری	1	80	0
29	35210720	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خند	پرائمری	1	80	0
30	35210542	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سرے	پرائمری	1	80	0
31	35210523	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول پٹھان کی	پرائمری	2	80	1
32	35210726	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول بوبگن	مڈل	5	97	9
33	35210528	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول مندیا والا	مڈل	4	93	6

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	سکول کا درجہ	موجودہ استاتذہ	طلباء اساتذہ تناسب	ضرورت اضافی اساتذہ
34	35220567	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل اسلام نگر شاہدرہ	مڈل	10	89	15
35	35220283	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول تعلیم و تربیت بھگت پورہ	مڈل	22	85	30
36	35220544	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول ایم سی جونیئر ماڈل بھاٹی گیٹ	مڈل	7	85	10
37	35210664	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کرول وار	مڈل	2	84	3
38	35210658	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول تاقی پور	مڈل	4	82	5
39	35220547	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل چاہ میراں سلطان پورہ	مڈل	10	82	13
40	35210671	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول حند و گجر	مڈل	3	80	4
41	35210917	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول چنگ خرد (ڈیفنس)	مڈل	4	78	5
42	35220585	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ایم سی یوسف پارک	مڈل	9	76	10
43	35210729	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول دیو کالان لنک فیروز پور روڈ	مڈل	3	75	3
44	35210489	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول ناروار	مڈل	4	74	4
45	35210675	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول جندیالہ	مڈل	6	71	6
46	35210877	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی پکی تھاتھی سمن آباد	مڈل	7	70	7
47	35210739	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سارائچ	مڈل	6	68	5
48	35220243	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول تالاب سارے	مڈل	6	68	5
49	35210689	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول وڑائچ	مڈل	5	67	4
50	35210179	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول مورل ماری	مڈل	5	65	4
51	35210732	گورنمنٹ گرلز کمیونیٹی ماڈل سکول ڈھلوکی	پرائمری	3	64	2
52	35210803	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل سمن آباد غزالی روڈ	مڈل	7	64	5
53	35220165	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بادو کی سانی	مڈل	14	64	11
54	35220553	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل ابراہیم روڈ	مڈل	14	63	10
55	35210806	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل تاج پورہ	مڈل	7	61	5
56	35220581	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی بیگم کوٹ شاہدرہ	مڈل	12	60	8

اضافی اساتذہ کی ضرورت 2015-16

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	سکول کا درجہ	موجودہ اساتذہ	طلباء اساتذہ تناسب	ضرورت اضافی اساتذہ
1	35210672	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تیج گڑھ	پرائمری	4	79	2
2	35210354	گورنمنٹ پرائمری سکول کیرکا	پرائمری	5	78	2
3	35210526	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول پادری	پرائمری	2	78	1
4	35210393	گورنمنٹ پرائمری سکول ملیاں کالان	پرائمری	2	78	1
5	35220233	گورنمنٹ پرائمری سکول منگا بیتھار	پرائمری	2	78	1
6	35220424	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کے ایم اے ایس ایس	پرائمری	3	77	1
7	35210687	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وسویاں	پرائمری	1	77	0
8	35220589	گورنمنٹ پرائمری سکول صدیق پورہ	پرائمری	4	77	2
9	35210641	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نٹ کالان	پرائمری	1	75	0
10	35220568	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل واسان پورہ اہاتہ تھانیدار	پرائمری	2	75	1
11	35210219	گورنمنٹ پرائمری سکول للوہ	پرائمری	1	75	0
12	35210492	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تھاتھا قریشیاں والا	پرائمری	1	74	0
13	35210495	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نور پور	پرائمری	2	74	1
14	35210237	گورنمنٹ پرائمری سکول دھیر کے	پرائمری	1	73	0
15	35210807	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل نمبر 2	پرائمری	4	73	1
16	35210707	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول جاتھل	پرائمری	2	73	1
17	35210529	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ناتھوکی	پرائمری	3	72	1
18	35210367	گورنمنٹ پرائمری سکول عالم ماڈل جمیل آباد مغل پورہ	پرائمری	2	71	1
19	35210836	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی جونیئر ماڈل پیر نصیر	پرائمری	4	71	1
20	35220298	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول جلیانا	پرائمری	4	70	1
21	35210513	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ناتھا سنگھ	پرائمری	2	70	1
22	35210837	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل چندیاں	پرائمری	3	70	1
23	35210545	گورنمنٹ پرائمری سکول نور پور	پرائمری	1	70	0
24	35210439	گورنمنٹ پرائمری سکول رسول پورہ	پرائمری	3	70	1
25	35220412	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹ علم دین شاہدرہ	پرائمری	5	69	1
26	35220205	گورنمنٹ پرائمری سکول اریاں	پرائمری	3	69	1
27	35220291	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اصل کندل	پرائمری	1	69	0
28	35210983	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دیہلہ	پرائمری	1	69	0
29	35210698	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دھوندے	پرائمری	2	69	1
30	35210861	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی فضالیا کالونی	پرائمری	3	69	1
31	35210394	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹھہ ملیاں	پرائمری	2	69	1
32	35210685	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تھاٹا دلوان	پرائمری	1	68	0
33	35210358	گورنمنٹ پرائمری سکول ریلوے کالونی والٹن	پرائمری	3	68	1
34	35210598	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مومن پورہ	پرائمری	7	68	2
35	35210683	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ٹھٹہ ترار	پرائمری	1	67	0
36	35210298	گورنمنٹ پرائمری سکول ڈیرا منگلی	پرائمری	2	67	0

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	سکول کا درجہ	موجودہ اساتذہ	طلباء اساتذہ تناسب	ضرورت اضافی اساتذہ
37	35210340	گورنمنٹ پرائمری سکول کاماہان	پرائمری	8	67	2
38	35210301	گورنمنٹ پرائمری سکول تاقی پور	پرائمری	2	67	0
39	35210867	گورنمنٹ پرائمری سکول گوالہ کالونی	پرائمری	6	66	1
40	35210533	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول پودھے	پرائمری	1	66	0
41	35220160	گورنمنٹ پرائمری سکول حیدرآباد	پرائمری	1	66	0
42	35220638	گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی سید پور ملتان روڈ	پرائمری	2	66	0
43	35220217	گورنمنٹ پرائمری سکول سلطان پورہ	پرائمری	6	65	1
44	35220202	گورنمنٹ پرائمری سکول رکھ پورہ چنگ	پرائمری	2	65	0
45	35220653	گورنمنٹ پرائمری سکول منصور پارک بند روڈ شفیق آباد	پرائمری	4	64	1
46	35220268	گورنمنٹ پرائمری سکول اسلامیہ جیا موسیٰ	پرائمری	11	64	2
47	35220359	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول حیدرآباد	پرائمری	2	64	0
48	35210374	گورنمنٹ پرائمری سکول کھیر خرد	پرائمری	5	63	1
49	35210844	گورنمنٹ پرائمری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل سکٹر A-II ٹاؤنشیپ	پرائمری	4	63	1
50	35210701	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول حویلی چھاتو والی	پرائمری	2	63	0
51	35210436	گورنمنٹ پرائمری سکول وارا میاواتیاں	پرائمری	1	63	0
52	35210223	گورنمنٹ پرائمری سکول مندیناوالا	پرائمری	2	63	0
53	35210349	گورنمنٹ پرائمری سکول مہدی پور	پرائمری	2	63	0
54	35210703	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تھہ بھٹہ	پرائمری	5	62	1
55	35210500	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گوندی بارڈر	پرائمری	2	62	0
56	35210519	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سرجا ماریہ	پرائمری	1	62	0
57	35220164	گورنمنٹ پرائمری سکول اصل لاکھوال	پرائمری	1	62	0
58	35220226	گورنمنٹ پرائمری سکول دھوپ ساری	پرائمری	1	62	0
59	35220276	گورنمنٹ پرائمری سکول فیضِ ام قضافی کالونی بادامی باغ	پرائمری	11	62	2
60	35210389	گورنمنٹ پرائمری سکول علی پارک اچھڑا	پرائمری	4	62	1
61	35210522	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول اصل گڑوکی	پرائمری	2	62	0
62	35220433	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دھوپ ساری	پرائمری	2	62	0
63	35210597	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نواب پورہ	مڈل	11	59	7
64	35220631	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل شاہدرہ ٹاؤن	مڈل	10	58	6
65	35210875	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ایم سی محمود بوٹی	مڈل	5	58	3
66	35220157	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول تالاب ساری	مڈل	9	57	5
67	35210842	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی ہما بلاک اقبال ٹاؤن	مڈل	7	57	4
68	35210645	گورنمنٹ گرلز کمیونیٹی ماڈل ایلیمنٹری سکول ماناوان	مڈل	9	56	5
69	35210660	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول واہگہ	مڈل	6	56	3
70	35220406	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول بٹھو کالونی	مڈل	17	54	8
71	35220580	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سی ڈی جی جونیئر ماڈل مستی گیٹ	مڈل	6	54	3
72	35220148	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول دھیر شاہدرہ	مڈل	13	54	6
73	35210699	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول تبہ کچہ	مڈل	3	53	1

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	سکول کا درجہ	موجودہ اساتذہ	طلباء اساتذہ تناسب	ضرورت اضافی اساتذہ
74	35210634	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول گوہاوا	مڈل	9	53	4
75	35220121	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول واسان پورہ بھمن جھگیاں	مڈل	12	52	5
76	35220159	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ایم سی مزار بابا رحمت شاہ	مڈل	16	52	6
77	35220446	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سلطان کے	مڈل	8	52	3
78	35220229	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کاماس	مڈل	5	51	2
79	35210872	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کوٹلی پیر عبدالرحمان	مڈل	4	51	2
80	35220404	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول عزیز کالونی شاہدرہ	مڈل	13	51	5
